# الحراء اسکول کی دعا

میری پاکیزہ دعاؤں میں اثر دے یارب
علم کے پھولوں سے دامن مرا بھر دے یارب

چاہے جو کچھ ہو، سلامت مرا ایمان رہے
آنکھوں میں نورِ حیا، سینے میں قرآن رہے

زندگی بھر جو رہے ساتھ، وہ دولت دے دے
میرے اللہ کتابوں سے محبت دے دے
میری ہر بات میں اخلاق کا پہلو نکلے
دکھ کسی کا ہو مری آنکھ سے آنسو نکلے

دے اگر عزمِ سفر زادِ سفر بھی دے دے
زندگی دی ہے تو جینے کا ہنر بھی دے دے
کوئی غمگین اگر ہو تو اسے شاد کروں
ہر طرح بے کس و مجبور کی امداد کروں

میرے اندر کا مسلمان نہ کھونے پائے
میں کہیں جاؤں یہ پہچان نہ کھونے پائے
سنگ ریزہ ہوں مجھے ہمسرِ گوہر کر دے
ایک قطرہ ہوں ابھی مجھ کو سمندر کر دے

دل کشادہ رہے استاد کی عزت کے لیے
میری ہر سانس ہو ماں باپ کی خدمت کے لیے
رشتہ سرکارِ دو عالم سے نہ ٹوٹے یارب
ہاتھ سے دامنِ اسلام نہ چھوٹے یارب

آمین

کاظم رضا